| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسلمان بھائیو آؤ حق اور سچ کو پہچانیں

برصغیر میں انگریز کے آنے سے پہلے ہم سب اکٹھے اور سب اہل السنۃ والجماعت فقہ حنفی پر عمل کرنے والے تھے۔ اور ہمارے تصوف کے بڑے چار سلسلے اور احادیث مبارکہ کے استاد بھی ایک تھے اس لئے اگر ہمارے اندر اخلاص موجود ہے تو آج بھی اتفاق و اتحاد کی صورت نکل سکتی ہے۔ اور اگر ہمارے اختلاف میں ذاتیات اور صحابہ کرام اہل بیت عظامؓ کے دشمنوں کا ہاتھ اور اشارے ہیں۔ تو پھر یہ اختلاف باعث خسارہ اور آخرت میں رسوائی کا ذریعہ ہے۔ اگر ہم دیوبندی اور بریلوی اس بات پر اتفاق کر لیں۔ کہ جو کتابیں دیوبندی بریلوی اختلاف سے پہلے کی ہیں۔ ان کو معیار پر بنا کر اپنا اختلاف ختم کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔ دونوں حضرات کی متفقہ کتابیں جو دلائل اور ثبوت کا درجہ رکھتی ہیں یہ ہیں۔ قرآن مجید، احادیث مبارکہ (قرون اولیٰ) اور فقہ حنفی کی معتبر کتب ہدایہ کنز قدوری وغیرہ کے مفتیٰ بہ مسائل اور متفقہ فتاویٰ کی کتب شامی عالمگیری قاضیخان وغیرہ کے مسائل کو معیار بنا کر اپنا اختلاف ختم کرنے کے لئے خلوص سے تیار ہو جائیں۔ تو دو دو عالم اپنے اپنے نظریات کے بلا کر اور دس دس مقامی آدمی کسی مقام پر بیٹھ کر وڈیو یا کیمرے وغیرہ کے ذریعہ اپنی عوام کو آگاہ کریں گے۔ عوام کو بحث و مباحثہ سے ہمیشہ بچتے رہنا چاہیے۔ بعض اوقات جہالت اور بے ادبی کی وجہ سے ایمان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ اگر دس دس آدمیوں والی صورت پسند نہ ہو تو جیسے بریلوی بھائی تیار ہوں گے ویسے کر لیں گے۔ بحث کا طریقہ ① سب سے پہلے جو اختلاف ہوا تھا وہ مولانا احمد رضا خان صاحب کی کتاب حسام الحرمین سے ہوا کہ اس میں انھوں نے اختلافات ذکر کیے جس میں گستاخیاں بتائی ہیں۔ تو پہلے نمبر پر اسی کتاب کے مطابق گفتگو کی جائے گی۔ تا کہ اختلاف کی بنیاد سمجھ آ جائے۔ تا کہ توبہ کا موقع مل سکے اور عوام حقیقت سے آگاہ ہو جائیں۔ اور مخلص لوگ اپنے عمل و اخلاق کو درست کر لیں۔

② بریلوی علماء عوام کو حاضر ناظر کا مسئلہ کہہ کر دیوبندیوں کو گستاخ ظاہر کرتے ہیں۔ تو بریلوی علماء متفقہ کتابوں کی روشنی میں یہ ثابت کریں گے۔ کہ جس طرح حضور ﷺ صحابہ کرامؓ کے درمیان موجود ہوتے تھے۔ اسی طرح آج بھی ہر امتی کے سامنے اور گھر میں موجود ہوتے ہیں اور صحابہ کرامؓ کی طرح ان کو نظر بھی آتے ہیں۔ جبکہ دیوبندی علماء کا عقیدہ یہ ہے کہ آقا علیہ السلام روضہ اقدس میں تشریف فرما ہیں اور آپ کے انوارات پورے عالم میں موجود ہیں۔ جیسے چاند ایک جگہ پر ہوتا ہے اور روشنی ہر جگہ دل کے بینا جو صاحب کشف ہوں زیارت بھی کر لیا کرتے ہیں۔ ③ نور و بشرؐ بریلوی علماء عوام کو بتاتے اور تقریریں کرتے ہیں کہ حضور پر نور ﷺ ذات اور صفات کے اعتبار سے نور ہی نور ہیں۔ بشر یعنی انسان کہنا کفر ہے۔ اور بریلوی علماء قرآن مجید احادیث مبارکہ اور متفقہ کتب کی روشنی میں یہ ثابت کریں گے۔ کہ حضور ﷺ بشر یعنی انسان نہیں ہیں اور فقط نور ہی ہیں جبکہ علماء دیوبند کا عقیدہ یہ ہے کہ آپ ذات کے اعتبار سے انسان و بشر ہیں بلکہ انسان اشرف المخلوقات ہے ہی حضور ﷺ کے صدقے اگر آپ انسانوں میں سے نہ ہوتے تو انسان اشرف المخلوقات نہ ہوتا اور صفات کے اعتبار سے آپ نور ہی نہیں بلکہ نور علیٰ نور ہیں۔ ④ عالم الغیب علماء دیوبند یہ کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کا علم اللہ کریم خالق و مالک سے کم اور باقی تمام انبیاء علیہ السلام سمیت تمام مخلوق سے زیادہ ہیں۔ اس پر بریلوی علماء گستاخ ہونے کا حکم صادر فرماتے ہیں۔ اور حضور ﷺ کے ساتھ عالم ما کان و ما یکون اور اللہ کے علم کے برابر کی بات کرتے ہیں جس کو اوپر ذکر کی گئی۔ متفقہ کتب سے ثابت کرنا ہوگا۔ تا کہ دیوبندی توبہ کر کے آپ کے ساتھ ہو جائیں۔ ⑤ ہمارے اس علاقہ کے بریلوی بھائی کہتے ہیں کہ جو عرش پر احد ہے وہی مکہ میں احمد ﷺ بن کر اتر آیا۔ بریلوی بھائی کہتے ہیں کہ عشق کی آنکھ میں خدا اور مصطفیٰ ایک ہے جس کو بریلوی علماء کرام متفقہ کتب سے واضح دلائل سے بیان کریں گے تا کہ سنت کو پہچانا جا سکے اور عشق اور شریعت کا فرق ظاہر ہو جائے۔ ⑥ علماء دیوبند کا عقیدہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کی سیرت مبارکہ اور آپ ﷺ کی ولادت پاک کو سارا سال بیان کرنا باعث ثواب اور سنت پر عمل کرنے کا موجب ہے۔ بریلوی بھائی اس پر بھی کہتے ہیں کہ دیوبندی گستاخ ہیں تو اب بریلوی علماء قرون اولیٰ اور متفقہ کتب کی روشنی میں یہ ثابت کریں گے کہ حضور ﷺ کی ولادت مبارکہ پر جلوس نکالنا عورتوں مردوں کا اکٹھے موسیقی کی دھوم میں پھرنا سنت یا محبت یا عشق ہے تا کہ عوام شریعت پر عمل کر سکیں۔ ⑦ علماء دیوبند کا عقیدہ ہے ایصال ثواب برحق ہے اوقات کی تعین نہ سنت ہے اور نہ فقہ حنفی میں ہے۔ جس پر بریلوی بھائی کہتے ہیں کہ یہ

گستاخ ہیں تو اب بریلوی علماء متفقہ کتب کی روشنی میں تیجہ دسواں چالیسواں اور سالانہ قل خوانی کو ثابت کریں گے کہ واجب ہے یا سنت تا کہ مفتی بہ قول پر عمل کر کے پکے سنی بن جائیں (8)۔ اذان سے پہلے اور بعد صلوۃ وسلام نہ پڑھنے والے کو گستاخ کہتے ہیں۔ تو بریلوی علماء ثابت کریں گے کہ متفقہ کتب کی روشنی میں یہ سنت ہے یا واجب ہے یا محبت ہے یا عشق ہے تا کہ متفقہ سنت پر عمل کو اپنایا جائے (9)۔ دعا بعد نماز جنازہ بریلوی بھائی ہر نماز جنازہ پر شور مچاتے ہیں اور دعا نہ مانگنے والوں پر طعن وتشنیع کرتے ہیں تو بریلوی علماء متفقہ کتب کی روشنی میں اس دعا کا فرض یا واجب یا سنت یا حنفی علماء کا مفتی بہ عمل ثابت کریں گے۔ ان مسائل کو ثابت کر لینے پر دیوبندی علماء اپنی شکست تسلیم کر کے بریلوی بھائیوں کے عمل میں شریک ہوں گے تا کہ متفقہ سنی بن جائیں۔ ورنہ بریلوی بھائی ان باتوں کو چھوڑ کر متفقہ سنی ہونے کا ثبوت دیں گے۔ جو جھوٹا ہوگا وہی گستاخ ہوگا۔ (10) بریلوی علماء دیوبندی علماء کی عبارتیں پیش کر کے عوام کو بے ادب بتاتے ہیں۔ اس پر پہلی گذارش یہ کہ حدیث مبارکہ میں آتا ہے (اذکروا محاسن موتاکم) مرنے والوں کا ذکر اچھے طریقے سے کیا جائے جو حضرات وفات پا گئے ہیں ان کا معاملہ اللہ کریم کے پاس پہنچ چکا ہے ہمیں اپنے عقائد اور اعمال شریعت کی کتب کے مطابق بنانا چاہیے۔ اگر اس پر اطمینان نہ ہو تو اس پر بھی ہمارے حضرات تیار ہیں کہ دیوبندی بریلوی علماء کی اور بریلوی دیوبندی علماء کی عبارتوں پر بحث کریں گے تا کہ گستاخ واضح ہو جائے۔ (11) سنت، بدعت، شرک کی تعریف احادیث مبارکہ اور عقائد اور اصول فقہ کی روشنی میں متعین کی جائے۔ جس سے واضح ہو جائے کہ کون کون سے کام سنت ہیں اور کون کون سے بدعت ہیں اور کیا شرک اور مشرک حضور ﷺ کے بعد ہو سکتے ہیں یا شرک اور مشرک آپ ﷺ کے بعد کبھی نہیں ہو سکتے جیسا کہ بریلوی بھائی کہتے ہیں۔ بات چیت کا طریقہ کار دیوبندی حضرات کی طرف سے بریلوی بھائیوں کے پاس دو آدمی دعوت دینے آئیں۔ تو بریلوی بھائیوں کو دیوبندیوں کے پاس آ کر وقت اور طریقہ کار کی تعین کرنا ہوگی اور بریلوی بھائیوں کی طرف سے دو آدمی دیوبندیوں کے پاس آئیں تو دیوبندیوں کو بریلوی بھائیوں کے پاس جگہ کا تعین وقت کا تقرر فریقین کے دستخط کرا کر معاملہ کو حل کرنا ہوگا۔ جو فریق دستخط اور دن مقرر ہونے کے بعد وقت پر نہیں آئے گا۔ وہ جھوٹا شمار ہوگا۔ اور وہ اپنے اعمال کو سنت نہیں کہیں گے اس پر ہم ہر وقت تیار ہیں۔ یہ پہلا مرحلہ ہے جو حسام الحرمین سے شروع ہوگا۔ اور ان گیارہ نمبروں میں سے جس پر چاہیں مناظرہ یا بات چیت طے کریں۔

دن   وقت

دستخط دیوبندی مناظر   دستخط بریلوی مناظر

دستخط دیوبندی ذمہ داران   دستخط بریلوی ذمہ داران

منجانب اہل السنۃ والجماعت دیوبندی جبوآنہ جھنگ